مدح شہزادی جناب سیدہؐ

صغیر بانو صغیرؔ اجتہادی بنت مولانا سید علی یاور صاحب صدرؔ اجتہادی مرحوم، شیش محل، لکھنؤ

شمع حق تم سے ہے جلی زہراؑ — اے محمدؐ کی لاڈلی زہراؑ
پھول بارہ ہیں منسلک جس سے — ہے وہ اسلام کی کلی زہراؑ
باپ تعظیم کیلئے اٹھیں — تم کو وہ منزلت ملی زہراؑ
لفظوں میں بولتا ہے خود قرآں — ہیں محمدؐ کہیں علیؑ زہراؑ
جھومتے ہیں خوشی میں حور و ملک — ایسی باد صبا چلی زہراؑ
مقصد مصطفیؐ ہوا پورا — دین کو زندگی ملی زہراؑ
ناز ہے جس پہ خود نبوت کو — حق کے سانچے میں ہے ڈھلی زہراؑ
بانوئے خلد بن کے آئی ہو — کھل گئی دل کی ہر کلی زہراؑ
مومنوں کی ہوں مشکلیں آساں — تم سے یہ ہے دعا دلی زہراؑ
محفلیں ہو رہی ہیں گھر گھر میں — ہے چراغاں گلی گلی زہراؑ

بخشوائیں بروز حشر صغیرؔ
مجھ کو بھی مصطفیؐ، علیؑ، زہراؑ

منقبت حضرت علیؑ

خلوص محبت ادا کررہے ہیں — کہ ہم مدحتِ مرتضیٰؑ کررہے ہیں
علیؑ کے فضائل سے سج کر قصیدہ — ہر اک شعر کو خوشنما کررہے ہیں
کھلا پھول باغ امامت کا پہلا — ملک مرحبا مرحبا کررہے ہیں
زمانے میں تشریف لائے ہیں مولا — گھروں کو سب آراستہ کررہے ہیں
ملے چودہ ساقی ہمیں کتنے اچھے — مقدر پہ شکر خدا کررہے ہیں
ملے گا ہمیں جو بھی مانگیں گے ان سے — کرم سب پہ حاجت روا کررہے ہیں
بھرو یا علیؑ سب کے دامن میں خوشیاں — یہی آپ سے التجا کررہے ہیں
چراغاں کیا مسجدوں کو سجایا — خوشی میں محب کیا سے کیا کررہے ہیں

صغیرؔ ہم پیئیں خلد میں جامِ کوثر
یہ مشکل کشا سے دعا کررہے ہیں

توصیفِ علی مرتضیٰ

جو دل ہے محبت میں وہ دیوانہ بناہے | کعبہ مرے ساقی کا زچہ خانا بناہے
ہے تیرھویں شب سارے زمانے میں چراغاں | جو گھر ہے وہی طور کا کاشانا بناہے
سمجھا کوئی حیدرؑ کو خدا اور کوئی بندہ | جو ہے وہ اسی حسن کا دیوانا بناہے
یہ کہہ کے صنم توڑے ہیں کعبے میں علیؑ نے | کیوں گھر مرے اللہ کا بت خانہ بناہے
فردوس میں کوثر کے مجھے جام ملیں گے | مولا مرا اب ساقیٔ میخانہ بناہے

کیوں فخر نہ ہو اپنے مقدر پہ صغیر اب
دل مدحت مولا کا ثنا خانہ بناہے

٭٭٭

تعلیمی مسرت

انجینئر سمیر نقوی نے شاہجہان آباد دہلی سے اطلاع دی ہے کہ شوذب عباس ابن شکیل عباس نقوی (یونٹی کالج لکھنؤ) نے انٹرمیڈیٹ آئی۔سی۔ایس۔سی۔ بورڈ میں 90% مارکس پا کر نمایاں مقام حاصل کیا۔ساتھ ہی اسماء رضوی بنت سید جعفر اشتیاق نے (گرلس ہائی اسکول اینڈ انٹرمیڈیٹ، الہ آباد) آئی۔سی۔ایس۔سی۔ بورڈ سے انٹرمیڈیٹ میں 92% مارکس حاصل کر کے نمایاں مقام حاصل کیا۔ اور سامیہ نقوی بنت ناصر مہدی نقوی جائسی (سٹی مانٹیسری اسکول، گومتی نگر لکھنؤ) نے ہائی اسکول، آئی۔سی۔ایس۔سی۔ بورڈ میں 95% مارکس حاصل کر کے یو۔پی۔ میں نمایاں مقام حاصل کیا۔ان بچوں کے حوصلے بلند ہیں انشاء اللہ کل صرف اپنے گھر خاندان کی ہی نہیں، وطن بلکہ ملک وملت کی عزت کا سبب بنیں گے۔

تصحیح فرمالیں

محترم قارئین! ماہنامہ ''شعاع عمل'' کے شمارہ مئی ۲۰۱۱ء کے صفحہ نمبر ۵ پر سید العلماء سید علی نقی نقویؒ کے مضمون ''کربلا شناسی'' کے پہلے پیراگراف میں ۶۱ھ کی جگہ غلطی سے ۱۳۶۱ھ چھپ گیا ہے۔ برائے مہربانی اس کی تصحیح فرمالیں۔ (ادارہ)

التماس ترحیم

مومنین کرام سے گزارش ہے کہ ایک بار سورۂ حمد اور تین بار سورۂ توحید کی تلاوت فرما کر جملہ مرحومین خصوصاً مرزا محمد اکبر ابن مرزا محمد شفیع کی روح کو ایصال فرمائیں۔

محمد عالم: نکّر پرنٹنگ اینڈ بائنڈنگ سینٹر

حسین آباد، لکھنؤ